# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : کاشفہ صمد

چوتھی جماعت کے لئے



**ٹیچر کیلئے نوٹ**

- تبدیلی ایک ایسا عمل ہے جو ہر جاندار میں ہوتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس عمل سے نہ صرف اس کی شکل بدلتی ہے بلکہ اس کی خاصیتیں بھی بدلتی جاتی ہیں۔ اس عمل کو بچوں کو صحیح طرح سے سمجھانے کے لئے ایک کہانی ترتیب دی ہے۔ اس کی پڑھائی کے دوران اس سبق کے سائنسی پہلو کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے۔

## سیشن 1

**10 منٹ**


- ٹیچر کلاس میں آئیں تو بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے اطراف جو تبدیلیاں آتی ہیں ان کے بارے میں گفتگو کریں گے۔ سال میں چار موسم بدلتے ہیں۔ خزاں کے بعد بہار، گرمی کے بعد سردی، ان موسمی تبدیلیوں کی وجہ سے ہمارے آس پاس کی چیزیں بھی بدلتی ہیں۔
- ٹیچر بچوں سے موسمی تبدیلیوں اور اس کے حوالے سے ماحول میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں ان کے علاوہ انسانوں، جانوروں میں وقت کے ساتھ جو تبدیلی آتی ہے اس کے بارے میں بات چیت کریں۔ اس دوران بچوں سے بھی پوچھتی جائیں کہ ان کو وقت کے ساتھ ساتھ کوئی تبدیلی اپنے اندر نظر آتی ہے۔
(چھوٹے سے بڑے ہونا، دبلے سے موٹے ہونا، کمزور سے طاقتور ہونا وغیرہ وغیرہ۔)

**10 منٹ**

- اب ٹیچر کتاب کھولیں اور تصاویر کو دکھاتے ہوئے بچوں سے ان تبدیلیوں کے بارے میں بات کریں۔
(مثلاً بیج لگا کر پودا مل جاتا ہے یا انڈے سے مچھلی بن جاتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔)

**25 منٹ**

- ٹیچر تختہ سیاہ پر تصاویر کی مدد سے گٹھلی / بیج کے پودے میں بدلنا اور پھر درخت میں تبدیل ہونا بتائیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ یہ تصاویر اپنی کاپیوں میں بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ اگر کلاس میں کام مکمل نہ ہو تو گھر سے رنگ بھر کر لائیں۔




## سیشن 2

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • آج ٹیچر پہلے 8-5 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ پڑھتے وقت جہاں بچے دقت محسوس کریں ان کی مدد کریں۔ مشکل الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور ان کی دہرائی کروائیں۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ بہت سے جاندار انڈوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ اب ٹیچر بچے سے پوچھیں کہ کون کون سے جاندار ان کے خیال میں انڈے سے نکلتے ہیں۔ ان کی فہرست بورڈ پر لکھیں۔ ساتھ ساتھ بچے یہ بھی بتایں کہ یہ جاندار انڈے کہاں دیتے ہیں۔ مثلاً مینڈک (پانی) مکھی (گندگی/ کوڑا) چڑیا (گھونسلہ) مچھلی (سمندر، دریا) کیڑے مکوڑے (پودے) |
| 15 منٹ | • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھی فہرست اپنی کاپی میں اتار لیں۔ |
| 5 منٹ | • بچوں کو لکھوائیں کہ اگلی کلاس کے لئے بچے انڈے کے خالی shell لائیں۔ ہم سب کلاس میں ان کی مدد سے مختلف چیزیں بنائیں گے۔ گوند، رنگین کارڈ بورڈ، روئی، رنگ بھی منگوائیں۔ انڈے کے shell کا طریقہ یہ ہوگا کہ انڈے کے اوپر تھوڑا سا توڑ کر سفیدی اور زردی باہر نکال دیں اور خالی انڈے کا shell اسکول لے آئیں۔ انڈے کی زردی سفیدی کسی بڑے کی مدد سے نکالیں۔ |

## سیشن 3

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • آج ٹیچر پہلے 8-5 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور ان کی دہرائی کروائیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ سبق میں سے اپنی مرضی سے تین الفاظ چن لیں اور ان کے جملے بنائیں۔ |
| 30 منٹ | • لکھائی کے اس کام کے بعد بچوں کو ان کے لائے ہوئے انڈے کے چھلکوں کی مدد سے مختلف چیزیں بنانا سکھائیں۔ مثلاً<br>• انڈے مختلف رنگوں میں رنگ کر اس کے اندر کھاد مٹی ڈال کر پودا اگائیں۔<br>• انڈے کے چھلکے کے اوپر روئی لگا کر رنگ کریں ,اور clown کی شکل بنائیں۔<br>• انڈے کے چوزے بنائیں۔ |





گھر کا کام

- سبق میں سے آسان اور مشکل الفاظ یاد کرکے آئیں۔ کل املا ہوگا۔

## سیشن 4

15 منٹ

- ٹیچر کلاس میں بورڈ یا چارٹ پیپر لے کر آئیں جس میں frog's life cycle بنائیں۔




بچوں کو مینڈک کا لائف سائیکل آسان الفاظ میں سمجھائیں۔ بچے diagram کاپی میں اتاریں۔

10 منٹ

- آج پھر کچھ بچوں کو پڑھائی کا موقع دیں۔ پھر بچوں کو صفحہ 6-5 کھولنے کو کہیں۔ کلاس میں چارٹ لگائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ مینڈک انڈوں سے نکلتے ہیں لیکن جب انڈے پھوٹتے ہیں تو ان میں سے مچھلی سے ملتے جلتے کیڑے جو tadpoles کہلاتے ہیں نکلتے ہیں۔ کچھ دنوں میں یہ tadpole مینڈک بن جاتے ہیں۔ پہلے ان کی پچھلی ٹانگیں نکلتی ہیں۔ پھر اگلی۔ آہستہ آہستہ ان کی دم جسم کا حصہ بنتی جاتی ہیں۔ اس سارے عمل کو metamorphesis کہتے ہیں۔

20 منٹ

- ٹیچر پہلے 15-20 الفاظ کا املا دیں۔ املے کے بعد ٹیچر ان الفاظ کو بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے اپنے correction خود کریں۔ ہر غلطی پر اپنا ایک نمبر کاٹیں۔ بعد میں ٹیچر کاپیاں خود بھی چیک کریں۔

اپنے correction خود کرنے سے بچوں کو اپنی غلطی کا بہتر اندازہ ہوتا ہے اور ان میں خود اعتمادی بھی آتی ہے۔

## سیشن 5

30 منٹ
- آج ٹیچر بورڈ پر یہ الفاظ لکھیں بچوں سے ان کا انگریزی ترجمہ پوچھیں اور ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بعد میں بچے ان الفاظ کو اپنی کاپی میں اتاریں۔ ٹیچر بچوں کا کیا ہوا کام چیک کریں۔
چڑیا (bird) مینڈک (frog) مچھلی (fish) گھونسلا (nest) تتلی (butterfly)

15 منٹ
- اب باری باری دس بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ سبق کے خلاصے پر بھی بات کریں۔

## سیشن 6

20 منٹ
- مختلف جانور مختلف آوازیں نکالتے ہیں۔ ان آوازوں کو مختلف نام دیا گیا ہے۔ جانوروں کے نام لیتے ہوئے بچوں سے ان کی آوازوں کے نام پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں بچے کاپی میں اتاریں۔
مینڈک (ٹرٹرانا) چڑیا (چہچہانا) شیر(دھاڑنا) کتا(بھونکنا) بلی (ممیانا) مرغی (ککڑوں کوں کرنا)

20 منٹ
- ان جانوروں کی تصاویر بھی بنائیں۔ پھر ٹیچر بچوں سے کہیں کہ جانوروں٬ پھولوں اور رنگوں کے نام استعمال کرتے ہوئے ایک دلچسپ کہانی لکھیں۔ مثلاً
- ایک لال پیلی تتلی اڑتے اڑتے تھک گئی تو گلابی گلاب پر بیٹھ گئی۔ دور پیڑ کی ہری ٹہنی پر بھوری چڑیا چہچہا رہی تھی۔ چڑیا کو تتلی کے رنگ بہت اچھے لگے۔ اس نے تتلی سے کہا۔ میرا بھورا رنگ لے لو اور مجھے اپنے رنگ دے دو۔ تتلی نے کہا ٹھیک ہے مگر پہلے تم مجھے اپنی سریلی آواز دو پھر میں تمہیں اپنے رنگ دوں گی۔
چڑیا جھٹ تیار ہوگئی۔ کچھ دیر بعد سب نے دیکھا کہ لال پیلی چڑیا چپ چاپ ادھرادھر اڑ رہی ہے اور بھوری تتلی چہچہاتی کبھی ایک پھول پر تو کبھی دوسرے پھول پر۔

5 منٹ
- اب ٹیچر چند بچوں سے ان کی کہانیاں کلاس میں پڑھوائیں۔ ان کی تعریف کریں تاکہ ہمت افزائی ہو۔

# بڑے ہو کر

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
پہلا ایڈیشن : ستمبر ۲۰۰۲ء
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk
@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories